# آئین (ایک سوچارویں ترمیم) ایکٹ، 2019

[21 جنوری، 2020]

پارلیمنٹ، جمہوریہ بھارت کے سترویں سال میں حسب ذیل قانون وضع کرتی ہے:۔

ایکٹ تا کہ بھارت کے آئین کی مزید ترمیم ہو۔

## مختصر نام اور نفاذ۔

1۔(1) یہ ایکٹ آئین (ایک سوچارویں ترمیم) ایکٹ، 2019 کہلائے گا۔

(2) یہ 25 جنوری، 2020 کو نافذ العمل ہوگا۔

## دفعہ 334 کی ترمیم۔

2۔ آئین کی دفعہ 334 میں۔

(الف) حاشیائی عنوان کی جگہ پر، مندرجہ ذیل حاشیائی عنوان کا ادخال ہوگا، یعنی:۔

''نشستوں کا تحفظ اور خصوصی نمائندگی کا بعض مدت کے بعد ختم ہو جانا''؛

(ب) فقرہ جات (الف) اور (ب) کے بعد لمبی سطر میں، الفاظ ''ستر سال'' کی جگہ پر الفاظ ''فقرہ (الف) کی نسبت اسّی سال اور فقرہ (ب) کی نسبت ستر سال'' کا ادخال ہوگا۔

ڈاکٹر جی نارائین راجو؛

سیکریٹری، حکومت بھارت۔